**Roll No.______** اُمیدوار خود پُر کرے

## Sessions; 2016-2018; 2017-2019 & 2018-2020

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2.** درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصّہ غزل سے) 10

**(حصّہ نظم)**

i. تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا

ii. جو بے داغ لالہ، جو بے خار گُل ہے — وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے

iii. ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے — قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

iv. جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

**(حصّہ غزل)**

i. نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

ii. ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

iii. بُلبُل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

**3.** درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر آپ کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا، ''مرزا تم نے کتنے روزے رکھے''؟ عرض کیا۔ ''پیر و مرشد! ایک نہیں رکھا۔

(ب) علی بخش کی داستانِ غم ختم ہوئی تو سلیم میاں بھی آ گئے۔ علی بخش کے چہرے پر شکایت لکھی ہوئی دیکھی تو اپنے دل پر لکھی ہوئی شکایت بیان کرنے لگے۔ ہم نے سکون سے یہ قصہ سنا۔ طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے۔

**4.** درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ 10

i. حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ سے کون شخصیت مراد ہے؟

ii. دوستوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟

iii. اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟

iv. شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا؟

v. بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

vi. کون سا بندہ حمد سرا ہے؟

vii. شاعر اپنی حرمت و آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟

viii. برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

**5.** کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (i.) پنچایت (ii.) لہو اور قالین 05

**6.** نظم ''پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ'' کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ تحریر کریں اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 05

**7.** والد کے نام خط میں امتحان میں کامیابی کی اطلاع دیں۔ **یا** ہیلتھ آفیسر کے نام صفائی کیلئے درخواست لکھیے۔ 10

**8.** ''سچ کی برکت'' کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ **یا** ''دکاندار اور گاہک'' کے مابین مکالمہ لکھیے۔ 05

**9.** درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 05

i. حسنین کو کتاب پڑھی۔

ii. اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

iii. ہم نے حج کرنا ہے۔

iv. اپنے گریبان میں چہرہ ڈالنا۔

v. کاغذی شیر دوڑانا

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کریں۔

i. آپ آئے__________

ii. حساب جو جو__________

iii. خدمت سے__________

iv. ماروں گھٹنا__________

v. رات گئی__________